حقائق نامہ

بیوروبرائے امیگرینٹ کارکنان حقوق

بیوروبرائے امیگرینٹ کارکنان حقوق (BIWR)، نیویارک ریاست محکمۂ محنت کے ذریعہ قائم کردہ ایک نیا شعبہ ہے، جس کی تشکیل تارکین وطن کارکنان کو محکمے کے ذریعے پیش کیے جانے والوں پروگراموں اور خدمات کے استعمال میں مدد کیلئے کی گئی ہے۔ ہمارے دفاتر نیویارک شہر اور البنی میں ہیں اور ہم تارکین وطن کو ان کے مزدوروں والے حقوق کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کیلئے پوری ریاست کا دورہ کرتے ہیں۔

نیویارک ریاست محکمۂ محنت درج ذیل کرسکتا ہے:

- **آپ کو اپنی بقایا مزدوری کی وصولی میں مدد**

آپ کو نیویارک ریاست کی کم از کم اجرت **$7.25** فی گھنٹہ، اور اگر آپ ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں تو، اوور ٹائم کی اجرت (آپ کے معمول کی فی گھنٹہ اجرت کا 1½ گنا) پانے حق ہے۔ اگر آپ مخصوص سرکاری عمارتوں کے منصوبوں میں کام کررہے ہیں، جیسے پبلک اسکول کی تعمیر یا ہسپتال کی جدید کاری، تو آپ فی گھنٹہ زیادہ اجرت کے اہل ہوسکتے ہیں جسے اجرت کی رائج شرح کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو اپنے آجر کے خلاف شکایت درج کروانی ہے تو ہم آپ کی مدد کریں گے اور ہم آپ کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھیں گے۔

- **بے روزگاری بیمے کا وظیفہ پانے میں آپ کی مدد کرتا ہے**

اگر آپ کو فارغ کردیا جاتا ہے یا آپ کی کسی غلطی کے بغیر آپ کی ملازمت ختم کردی جاتی ہے، اور آپ مخصوص تقاضوں کی تکمیل کرتے ہیں تو، آپ دوسری ملازمت کی تلاش کے دوران ہفتہ واری ادائیگی کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ محکمۂ محنت کے ذریعہ ، آپ 26 ہفتوں تک ہر ہفتے وظائف کیلئے ابتدائی دعوی (بذریعہ ٹیلیفون یا انٹرنیٹ) دائر کرسکتے ہیں اور یہ تصدیق کرسکتے ہیں کہ آپ بے روزگار ہیں۔

- **ملازمت کی تلاش یا ملازمت سے متعلق تربیتی امداد حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے**

خواہ آپ نئی ملازمت کی تلاش میں ہوں، آپ کو ریزیومے (کوائف نامہ) لکھنے میں مدد کی ضرورت ہو یا انگریزی زبان سیکھنا چاہتے ہوں، محکمۂ محنت آپ کو مطلوبہ معلومات اور مدد فراہم کرتا ہے۔ آپ بغیر کسی خرچ کے تازہ آسامیوں کی معلومات حاصل کرسکتے ہیں یا کام سیکھنے کیلئے اندراج کروا سکتے ہیں۔ آپ یہ بھی معلوم کرسکتے ہیں کہ انگریزی بحیثیت ثانوی زبان کی کلاسوں کیلئے کہاں جائیں۔

- **تارکین وطن اور موسمی طور پر فارم میں کام کرنے والے مزدوروں کی مدد**

اگر آپ فارم میں کام کرتے ہیں تو، روزگار سے متعلق خدمات اور آپ کو حاصل قانونی تحفظ کے بارے میں اسٹیٹ مانیٹر ایڈوکیٹ (SMA) جوابات دے سکتا ہے۔ SMA فارم کے مزدوروں سے ان کے کام کی جگہ پر ملاقات کرتا ہے اور یہ یقینی بناتا ہے کہ محکمۂ محنت فارم کے کارکنان کو معیاری خدمات فراہم کر رہا ہے۔

ہم اپنے تمام پروگراموں اور خدمات کیلئے زبان سے متعلق مفت امداد فراہم کرتے ہیں۔

محکمۂ محنت عمر، نسل، عقیدے، رنگ، قومیت، جنسی میلان، فوجی حیثیت، جنس، معذوری، یا ازدواجی صورتحال کی بنیاد پر امتیاز نہیں برتتا۔

محکمۂ محنت کے کسی پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، بیورو آف امیگرینٹ ورکرز رائٹس سے **1-877-466-9757** پر رابطہ کریں۔

تمام کارکنان کو تحفظ دیں
بے روزگاروں کی مدد کریں
آجرین اور کارکنان کو باہم جوڑیں

NYS DEPARTMENT OF LABOR
PROTECT | ASSIST | CONNECT

1-877-466-9757

www.labor.state.ny.us

نیویارک ریاست محکمۂ محنت مساوی مواقع فراہم کرنے والا آجر/ پروگرام ہے۔ درخواست کرنے پر معذور افراد کیلئے امدادی سہولیات اور خدمات دستیاب ہیں۔